# نبُوّتی پیغام کا خلاصہ
# سبق نمبر 1: مسیح کی واپسی کی نشانیاں

**ایک حیرت انگیز حقیقت:** اکتوبر 1881 میں، اسکاٹ لینڈ کے ساحل پر آنے والے شدید طوفان نے ہفتوں تک تمام ماہی گیری کی کشتیوں اور اُن کے عملے کو بندرگاہ میں روکے رکھا۔ آخر کار، جب 14 اکتوبر کی صبح سورج آ ئی موتھ شہر پر طلوع ہوا تو آسمان صاف تھا اور ہوائیں پرسکون تھیں۔ جیسے ہی ماہی گیری کی کشتیاں سمُندر میں جانے کے لیے تیار ہوئیں، بندرگاہ کے منتظم نے طوفان کا سُرخ جھنڈا بلند کیا، اور ماہی گیروں سے بندرگاہ میں ہی رہنے کی گزارش کی۔ اُن کی ڈوبتی ہوئی بادِ پیما اور دیگر آلات نے اُنہیں خبر دار کیا کہ ایک بڑا طوفان آنے والا ہے۔ تاہم، اکثر ماہی گیروں نے، دوبارہ کام پر جانے کے لیے بے تاب ہو کر، اُن کی اُس وارننگ کو نظر انداز کر دیا۔ جیسا کہ پیشینگوئی کی گئی تھی، صاف شفاف آسمان صرف آنے والے طوفان کا پیش خیمہ تھا۔ اُس دن کے اختتام پر، سمُندر کے شمال کی طر ف ایک زبردست طوفان اُٹھا، اور اُ س میں 189 ماہی گیر، جن میں سے زیادہ تر آئی موتھ کے تھے، ہلاک ہو گئے۔ آئی موتھ کے بہت سے لوگ آج بھی اُس دن کو "بلیک فرا ئی ڈے کے نام سے یاد کرتے ہیں ۔

یسُوع نے کہا کہ اُس کی واپسی نُوح کے دِنوں کی طرح ہوگی۔

> "اور جَیسا نُوح کے دِنوں میں ہُوا تھا اُسی طرح اِبنِ آدم کے دِنوں میں ہو گا ۔ کہ لوگ کھاتے پیتے تھے اور اُن میں بیاہ شادی ہوتی تھی ۔ اُس دِن تک جب نُوح کشتی میں داخل ہُوا اور طُوفان نے آکر سب کو ہلاک کیا۔ اور جَیسا لُوط کے دِنوں میں ہُوا تھا کہ لوگ کھاتے پیتے اور خرِیدو فروخت کرتے اور درخت لگاتے اور گھر بناتے تھے۔ لیکن جِس دِن لُوط سدُوم سے نِکلا آگ اور گندھک نے آسمان سے بَرس کر سب کو ہلاک کیا۔"( لوقا 17:26-30)۔

برسوں تک، نُوح نے اپنی نسل کو آنے والے طوفان کے بارے میں خبردار کیا۔ جب کشتی مکمل ہوگئی، تو اُس نے لوگوں سے اُن کے بچاؤکے اُن سے کشتی میں آنے کی درخواست کی ۔ تاہم، صرف صاف شفا ف آسمان کو دیکھتے ہوئے، لوگوں نے اُس کی مسلسل دی جانے والی تنبیہات کو نظر انداز کر دیا اور بے پرواہی سے اپنی روزمرّہ کی سرگرمیوں میں واپس مشغول ہو گئے۔
کیا آج بھی ویسا ہی ہو رہا ہے؟ بائبل مُقدّس یسُوع مسیح کی واپسی کے بارے میں بہت سی معلومات فراہم کرتی ہے۔ اِس کے باوجود بہت سے مسیحی اُس کی آمدِ ثانی کے وعدے پر شک کرنے لگے ہیں ۔ تاہم دُ وسرے لوگ بائبل مُقدّس کی تعلیمات کی بابت بُہت الجھن کا شکا رہیں کہ اُس کی واپسی کیسے ، کیوں اور کب ہو گی۔ اُس کی آمد کا طریقہ کار، اسباب او ر وقت کے بارے میں کتابِ مُقدّس کیا فرماتی ہے آ ئیے دیکھتے ہیں ........

کاپی رائٹ © 2024 از امیزنگ فیکٹس انٹرنیشنل۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
P.O Box 1058, Roseville, CA 95678 | amazingfacts.org | 800-538-7275 |
The Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright © 2010, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved.

**جب آپ کو کوئی ________ خالی جگہ نظر آئے تو، بائبل مُقدّس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کریں اور اُس جگہ کو پُر کریں ...**

## 1. یسُوع مسیح کتنا پُر وثوق تھا کہ وہ واپس آئے گا؟

**یوحنا 3:14** " اور اگر میں جا کر تمہارے لئے جگہ تیار کرُوں ، تو ______________ ______________ تُمہیں اپنے پاس لے لو ں گا تاکہ جہاں مَیں ہُوں تُم بھی ہو۔"

**متی 27:16** "کیونکہ اِبنِ آدم اپنے باپ کے جلال میں اپنے فِرشتوں کے ____________ ______________ گا۔ اُس وقت ہر ایک کو اُس کے کاموں کے مُطابق بدلہ دے گا۔"

## 2. ہم یسُوع مسیح کی واپسی کی گھڑی کی بابت کیا جان سکتے ہیں؟

**متی 36:24** " لیکن اُس دِن اور اُس گھڑی کی بابت ______________ ______________ جانتا ۔ نہ آسمان کے فرشتے، نہ بیٹا مگر صرف باپ ۔"

**متی 33:24** " اِسی طرح جب تُم اِن سب باتوں کو دیکھو تو جان لو کہ وہ ______________ بلکہ دروازہ پر ہے" ۔

**نوٹ:** صرف خُدا ہی دُوسری آمدکے صحیح وقت کو جانتا ہے۔ تاریخ کا تعین کرنا بائبل مُقدّس کے مُطابق نہیں ہے۔ لیکن یسُوع نے واضح طور پر کہا کہ جب ہم اُس کی واپسی کی نشانیاں پوری ہوتی ہوئی دیکھیں گے (متی 24: 4-51؛ لوقا 8:21 -33؛ 2 ۔تیموتھی 1:3-5)، ہم جان سکتے ہیں کہ اُس کی آمد بہت قریب ہے، بلکہ دروازے پر ہے۔

## 3. یسُوع نے اپنی آمدِ ثانی کے قریب ہونے کی کیانشانیاں دیں؟

**متی 7:24** " کیونکہ قوم پر قوم اور سلطنت پر سلطنت چڑھا ئی کرے گی اور جگہ جگہ ______________ پڑیں گے اور ______________ آئیں گے۔"

**متی 24: 14** "اور بادشاہی کی اِس خوشخبری کی ______________ تمام دُنیا میں ہوگی تاکہ سب قَوموں کے لئے گواہی ہو ۔تب خاتمہ ہو گا ۔"

**نوٹ:** ہمیشہ سے جنگیں، وبا ئیں ، اور قدرتی آفات آتی رہی ہیں۔ تاہم، یسُوع کی پیشینگو ئی بتاتی ہے کہ جب ہم اُس کی واپسی کے وقت کے قریب ہوں گے تو یہ واقعات مقدار اور شدت میں بڑھ جائیں گے۔ یسُوع نے یہ نہیں کہا کہ پورئ دنیا تبدیل ہو جائے گی، بلکہ دُنیا کو انجیل سننے کا موقع ملے گا۔ آج، تقریباً فوری عالمی مواصلات اور تیز ترین بین الاقوامی سفر کے ساتھ، اِس پیشینگو ئی کی تکمیل بہت قریب ہے۔

## 4. یسوع اپنی دوسری آمد کے بارے میں کیا ہنگامی انتباہ دیتا ہے؟

**متی 24:5** " کیونکہ بہتیرے میرے نام سے آئیں گے، اور کہیں گے، "میں مسیح ہوں"، اور بہت سے لوگوں کو ___________کریں گے۔

**متی 24:24، 26** "کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے ______________ اُٹھ کھڑے ہوں گے اور اَیسے بڑے نشان اور عجیب کام دِکھائیں گے کہ اگر ممکن ہو تو برگزِیدوں کو بھی گمراہ کر لیں۔
" ... پس اگر وہ تُم سے کہیں کہ دیکھو، وہ بیابان میں ہے تو باہر نہ جانا یا دیکھو وہ کو ٹھریوں میں ہے تو اُن کا ______________ نہ کرنا ۔"

**نوٹ:** اپنی دھوکہ کے عظیم شاہکار کے طور پر، شیطان ایک جلالی وجود کے طور پر زمین پر یسُوع کی نقالی کرنے کی کوشش کرے گا، اور وہ اربوں کو دھوکہ دے گا۔ یسُوع نے ہمیں خبردار کیا ہے کہ وہ اپنی

دُوسری آمد پر زمین کو بالکل بھی نہیں چھوئے گا، بلکہ ہوا میں ہی رہے گا۔ شیطان کی جعلی سازی اور دھوکے اتنے پُر فریب ہوں گے کہ زیادہ تر لوگ گمراہ ہو جائیں گے۔

## 5۔ دین داروں کو دھوکہ کھانے سے کونسی چیز بچائے گی؟

**یسعیاہ8: 20** "شریعت اور شہادت پر نظر کرو۔اگر وہ ______________ ______________ کے مطابق نہ بولیں ، تو اُ ن لیے صبح نہ ہو گی ۔"

**نوٹ:** خُدا کے لوگ دھوکہ نہیں کھائیں گے، کیونکہ وہ خُدا کے کلام کے مطالعہ سے جانتے ہوں گے کہ یسُوع کس طرح آئے گا (اعمال 11:17)۔ کوئی بھی ظہور جو شریعت کے مطابق نہیں ہے جعلی ہے اور اُسے مسترد کرنا ہوگا۔ یسُوع نے ہمیں خبردار کیا ہے: "دیکھو، میں نے تمہیں پہلے ہی بتا دیا ہے" (متی 25:24)۔

## 6۔ کیا یسُو ع مسیح اپنی دُوسری آمد پر خاموشی سے آئیں گے ؟

**1۔ تھسلنیکیوں 4: 16** " کیونکہ خود خُداوند آسمان سے ______________ اور مُقرّر فرِشتہ کی آواز اور خُدا کے ______________ کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں مُو ئے جی اُٹھیں گے۔"

**یرمیاہ 30:25** " .....خُداوند بلند ی پر سے ______________ گا، اور اپنے مُقدّس مکان سے ______________ گا۔ وہبڑے زور و شور سے اپنی چراگاہ پر گرجے گا ۔ انگور لتاڑنے والوں کی مانِند وہ زمِین کے سب باشندوں کو للکارے گا ۔"

**زبور 3:50** " ہمارا خدا آئے گا، اور ______________ نہیں رہے گا؛ آگ اُس کے آگے بھسم کرتی جائے گی، اور اُس کے چاروں طرف بڑی آندھی چلے گی ۔"

**نوٹ:** "طوفان" کا مطلب "ہنگامہ خیز اور طوفانی" ہے۔ یسُوع مسیح کی دُوسری آمد کا شور واضح طور پر بیان سے باہر شور ہوگا۔ اُس کے بارے میں کچھ بھی ڈھکی چُھپی بات نہیں ہوگی!

## 7۔ جب یسُوع مسیح واپس لَوٹیں گے تو کون اُنہیں دیکھے گا؟

**متی 24:30** "اوراُس وقت ابنِ آدم کا نِشان آسمان پر دِکھائی دے گا ۔ اور اُس وقت زمِین کی ______________ ______________ چھاتی پِیٹیں گی اور وہ ابنِ آدم کو بڑی قُدرت اور جلال کے ساتھ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھیں گی ۔"

**مکاشفہ 7:1** " دیکھو، وہ بادلوں کے ساتھ آ رہا ہے، اور ______________ ایک ______________ اُسے دیکھے گی۔

**نوٹ:** یہ غلط فہمی کو دُور کرنے کے لیے بہت واضح ہے۔ کہ ہر زندہ شخص، بدکار یا نیک، یسُوع مسیح کو آسمان پر سے واپس آتے ہوئے دیکھے گا۔ خُدا کے لوگوں کے ایک اجتماع کو پوشدہ یا "خفیہ طور پر اُٹھا ئے جانے " کا بیان بائبل مُقدّس میں موجود نہیں ہے۔ کچھ نے سوچا ہے، "ایک گول دنُیا پر ہر آنکھ ایک ہی وقت میں یسُوع کو کیسے دیکھ سکتی ہے ؟ آیت یہ نہیں کہتی کہ یہ ایک ساتھ ہے بلکہ یہ کہ جب وہ آئے گا اور کرہ ارض کے گرد صفایا کرے گا تو اس دن ہر زندہ کی آنکھیں اُسے دیکھیں گی۔

## 8۔ جب یسُوع مسیح بادلوں میں واپس آئیں گے تو اُن کے ساتھ کون ہوگا؟

**متی 25: 31** " جب ابن ِ آدم اپنے جلال میں آئے گا، اور سب ______________ اُس کے ساتھ ______________ گے ، تب وہ اپنے جلال کے تخت پر بیٹھے گا۔ "

**نوٹ:** خُداوند کی آمد کی تجلّی ہائیڈروجن بم کے مقابلے میں اُس کی چمک کو مانِدکر دے گی۔ یسوع مسیح کی قبر پر، ایک فرشتے کی چمک نے رومی محافظوں کو مردوں کی طرح زمین پر گرنے کا سبب بنایا (متی 28:

2–4)۔ آسمان کے تمام فرشتوں کی چمک   یسُوع مسیح کی دُوسری آمد کو بہت روشن بنا دے گی، جس کاکوئی بھی نظر انداز نہیں کر سکتا۔ اس کے علاوہ یسوع مسیح اور باپ کا شاندار جلال بھی شامل ہو گا۔ (لوقا 9: 26)۔ یسُوع مسیح کی دوسری آمد ایک افق سے دوسرے  تک چمکنے والی بجلی کی طرح ہوگی ۔ (متی 27:24)۔

## 9۔ یسُوع مسیح کی آمد پر راست باز لوگوں کا کیا ہوگا؟

**1۔تھسلنکیوں 16:4** "کیونکہ خُداوند خود  آسمان سے للکار اور مُقرّ ب فرِشتہ  کی آواز اور خُدا کے نرسِنگے کے ساتھ اُتر آ ئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں مُوئے __________اُٹھیں گے ۔"

**1 کرنتھیوں 52:15، 53** " اور یہ ایک دَم میں ۔ ایک پل میں ۔ پچھلا نرسِنگا پُھونکتے ہی ہو گا اور مُردے غَیر فانی حالت میں اٹھیں گے، اور ہم __________جائیں گے۔ کیونکہ ضرور ہے کہ  یہ فانی جسم بقا کا جامہ پہنے اور یہ مَرنے والا جِسم حیاتِ ابَدی کا جامہ پہنے۔

**1۔تھسلنیکیوں 4: 17** "  پھر ہم جو زندہ باقی  ہوں گے، اُن کے ساتھ بادلوں پر __________ جائیں گے تاکہ  ہوا میں خُداوند  کا اِستقبال کریں  اور اِسی طرح ہمیشہ  خُداوند کے ساتھ رہیں گے ۔"

**نوٹ:** خُدا کے راست باز لوگ  خداوند سے ہوا میں ملاقات کریں گے۔ (یاد رکھیں، یسُوع مسیح کی دُوسری آمد آسمان کا ظہور ہوگا، زمِین ن کا ظہور نہیں)۔ خُدا کے علاوہ اَب کسی کو بقا حاصل نہیں  ہے (1 ۔تیموتھی 15:6، 16)۔ لیکن  یسُوع مسیح کی دُوسری آمد پر رات باز  لوگوں کو ہمیشہ کی زِندگی  تحفہ کے طور پرمُقت دی  جائے گی۔ وہ اُون کے بدنوں کی پست حالی کی شکل بدل کر  اپنے  جلال  کے بدن کی صُورت پر  بنائے  گا۔" (فلپیوں 20:3، 21)۔

## 10۔ یسُوع مسیح کی واپسی کے ساتھ کون سے   دیگر جسمانی شواہد ہوں گے؟

**مکاشفہ 16: 18** " ....... اور ایک اَیسا بڑا  __________ آیا کہ جب سے اِنسان زمِین  پر پَیدا ہُو ئے  اَیسا بڑا اور سخت بھونچال  کبھی نہ آیا تھا ۔"

## 11۔ یسُوع مسیح کی آمد کی تجلّی زِندہ بدکاروں کے ساتھ کیا کرے گی؟

**2 ۔تھسلنیکیوں 7:1، 8** " .... جب خُداوند یسُوع اپنے قوی  فرشتوں کے ساتھ __________ ہُو ئی  __________ میں آسمان سے ظاہر ہو گا،  اور جو خُدا کو نہیں پہچانتے اور ہمارے خُد اوند یسُوع کی خوشخبری کو نہیں مانتے  اُن سے بدلہ لے گا ۔"

**2 ۔تھسلنیکیوں 8:2** " اُس وقت  وہ بے دین ظاہر ہو گا  جِسے  خُداوند  یسُوع اپنے مُنہ  کی پُھونک  سے ہلاک اور ا __________  کی تجلّی سے نیست  کرے گا۔"

## 12۔ یسُوع مسیح کی دُوسری آمد پر فرشتے کیا کریں گے؟

**متی 31:24** "اور وہ  نرسنگے  کی بڑی آواز  کے ساتھ اپنے  فرِشتوں کو بھیجے گا  اور وہ  اُس کے __________کو چاروں طرف سے  آسمان کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے  تک جمع کریں گے۔"

**نوٹ:**  آپ کا نگہبان فرشتہ (متی 10:18 )  یسُوع مسیح کی دُوسری آمد پرشاید آپ کا استقبال کرنے والا پہلا شخص ہوگا۔ کیا بابرکت  خیال ہے !کوئی تعجب نہیں کہ بائبل دوسری آمد کو"  مُبارک  اُمّید "کہتی ہے۔ طِطُس (13:2)۔

## 13۔ چونکہ ہم یسُوع مسیح کی دُوسری آمد کے بالکل قریب جی رہے ہیں، اِس لیے ہمیں اِس سنجیدہ اور،جلالی واقعے سے کیسے منسلک رہنا چاہیے؟

**متی 44:24** " اِس لیے  تم بھی  __________ __________کیونکہ جِس گھڑی  تُم کو گمان بھی نہ ہوگا اِبنِ  آ دم آ جائےگا۔

## 14. یسُوع مسیح کی دُوسری آمد پر لوگوں کو کیسے انعام دیا جائے گا؟

**مکاشفہ 12:22** "دیکھ مَیں جلد آنے والا ہوں اورہر ایک کے __________ کے مُوافق دینے کے لیے اَجر میرے پاس ہے۔"

**نوٹ:** لوگ فضل سے نجات پائیں گے لیکن یہ اُن کے پیشے پر موقوف نہیں، بلکہ اُن کے طرزِعمل کے مطابق اجر دیا جائے گا۔ اُن کا طرز عمل یہ ظاہر کرتا ہے کہ اُن کا پیشہ اصلی ہے یا نہیں (متی20:7-23)۔

## 15. جب یسُوع مسیح واپس آئیں گے تو بدکار کیا کہیں گے؟

**مکاشفہ16:6 ، 17** " اورپہاڑوں اور چٹانوں سے کہنے لگے کہ ہم پر گِر پڑو اور ہمیں اُس کی نظر سے جو تخت پر بیٹھا ہُوا ہے اور برّہ کے غضب سے چِھپا لو۔ " کیونکہ اُن کے غضب کا روزِ عظیم آ پہنچا ۔ اَب __________ __________ سکتا ہے؟

**نوٹ:** اُس خوفناک آخری زلزلے کے دوران، بدکار خوف سے ڈر جائیں گے، بادشاہ یسُوع مسیح کا سامنا کرنے کے بجائے چٹانو اور پہاڑوں کو خود پر گرنے کو ترجیح دیں ۔

## 16. جب یسُوع مسیح ظاہر ہوں گے تو نیک لوگ کیا کہیں گے؟

**یسعیاہ 9:25** "اُس وقت یُوں کہا جائے گا لو یہ ہمارا خُدا ہے؛ ہم اُس کی راہ تکتے تھے اور __________ ہم کو __________ گا ۔یہ خُداوند ہے ۔ ہم اُس کے انتظار میں تھے ۔ ہم اُس کی نِجات سے خُوش خُرم ہوں گے۔"

## 17. یسُوع مسیح کی دُوسری آمد کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

**یوحنا 3:14** " اور اگر مَیں جا کر تُمہارے لیے جگہ تیار کرُوں تو پھر آکر تُمہیں اپنے __________ __________لوں گا تاکہ جہاں مَیں ہوں تُم بھی ہو۔"

**نوٹ:** یسُوع مسیح کا زمین پر واپس آنے کا سب سے ہیجان انگیز مقصد اپنے بچوں کواُس شاندار گھر میں لے جانا ہے جو اُس نے اُن کے لیے تیار کیا ہے۔ نیا یروشلم ایک اَیسا شہر ہے جہاں کوئی اور آنسو، غم ، نہ دُکھ درد، دِل کا عارضہ یا بیماری نہیں ہو گی ، صرف اَبدی خوشی اور ہمیشہ کا امن ہوگا۔

### آپ کا جواب:

یسُوع مسیح بہت جلد بادلوں میں آ رہے ہیں۔ کیا آپ اب اُس سے ملنے کے لیے تیار ہونے کا منصوبہ بنائیں گے؟

**میرا جواب:** ______________________________ ۔

# اِضافی مطالعہ
## خفیہ اُٹھا ئے جانے کا نظریہ

یسُوع مسیح کی پوشید ہ آمد پر اِیمانداروں کا خفیہ اُٹھا ئے جانے (Secret Rapture) کا نظریہ آٹھ بنیادی نکات پر مبنی ہے جنہیں اتنی وسیع پیمانے پر قبول کیا گیا ہے کہ زیادہ تر لوگ اِنہیں بغیر تحقیق کیے حقیقت کے طور پر تسلیم کرتے ہیں ۔ تاہم، ہماری واحدمحافظت اِسی میں ہے کہ ہم روزانہ کتابِ مُقدّس کا مطالعہ کریں تاکہ معلوم ہو سکے کہ آیا یہ باتیں درُست ہیں یا نہیں) اعمال(11:17 )۔

یسُوع کی پوشید ہ آمد اور اِیمانداروں کا خفیہ طور پر اُٹھا ئےجانے کے نظریے کے آٹھ نکات درج ذیل ہیں:

1. رپچر خاموش ہے۔
2. رپچر نادیدنی ہے ۔
3. رپچر میں بدکاروں کو زندہ چھوڑ دیتا ہے۔
4. خُدا راستبازوں کو ایذا رسانی سے بچانے کے لیے اٹھا لیتا ہے۔
5. مسیح کی دوسری آمد دو مراحل میں ہوگی (1) :خفیہ رپچر اور (2) حقیقی جلالی آمد۔
6. دوسری آمد کے یہ دو مراحل سات سال کے فاصلے پر ہوں گے۔
7. رپچر مخالفِ مسیح کے ظہور سے پہلے ہوگا، جو کہ ایذ ارسانی لائے گا۔
8. بدکاروں کو دوبارہ توبہ کرنے اور مسیح کی خدمت کرنے کا موقع ملے گا۔

ان نکات کا مکمل جائزہ لینا اس محدود ضمیمے کے دائرہ کار سے باہر ہے، لیکن ہم ہر نکتے کا احاطہ کریں گے۔ کچھ حیرت انگیز چیزوں کے لیے تیار ہو جائیں!

1. یسُو ع کی آمدِ ثانی خاموش نہیں ہے بلکہ بے حد شور والی ہے۔ نوشتے فرماتے ہیں کہ یُسوع مسیح مُقرب فرشتے کی آوازاور خُدا کے نرسنگے کےساتھ، اُتر آئے گا۔ 1۔ تھسلنیکیوں 16:4، پر زور دیا گیا(۔ بادشاہ داؤد نبُوّت کرتا ہے ،" ہمارا خدا آئے گا، اور خاموش نہیں رہے گاآگ اُس کے آگے آگے بھسم کرتی جا ئے گی اور اُس کے چاروں طرف بڑی آندھی چلے گی ۔"(زبور(3:50)۔ اور یرمیاہ نبی فرماتا ہے،" .......خُداوندبُلندی پر سے گرجے گا اور اپنے مُقدّس مکان سے للکارے گا ۔ وہ بڑے شور سے اپنی چراگاہ پر گرپر گرجے گا ۔ انگور لتاڑنے والوں کی مانِند وہ زمِین کے سب باشندوں کو لکارے گا ۔ایک غوغا زمِین کی سرحدّوں تک پُہنچا ہے۔" گا۔ (یرمیاہ 25:30-31 مسیح کی آمد کے متعلق کچھ بھی خفیہ نہیں ہے ! جب مسیح یسُوع آئے گا تو اُس کی آمد کا شور ساری دُنیا میں سُنا جا ئے گا ۔جان رکھیں :اگر آپ اس وقت زندہ ہوں گے ، جب یسُوع واپس آئے گا، تو آپ اُسے سنیں گے۔ یہ تاریخ کا سب سے بلند واقعہ ہوگا۔

2. آمدِ ثانی نادیدنی نہیں ہے؛ اُسے سب لوگ دیکھیں گے۔جب اِبنِ آدم اپنے باپ کے جلال میں آئے گا تو سب فرشتےاُس کے ساتھ آئیں گے تب وہ اپنے جلالی تخت پر بیٹھے گا ۔(متی(31:25)۔ جب ایک اکیلا فرشتہ یسُوع کے قبر سے جی اُٹھنے پر ظاہر ہوا، تو چمک اتنی زیادہ تھی کہ تمام رومی نگہبان مُردہ سے ہو کرزمین پر گرپڑے۔(متی2:28-4)۔ تمام آسمانی فرشتوں کے حیرت انگیزجلال کا تصّور کریں !فرشتوں کے جلال کے ساتھ یسوع کا اپنا جلا ل اور پھر باپ کا جلال ! (متی31:25) ۔ چمک ناقابل برداشت ہوگی۔(متی 27:16)۔ یسُوع نے کہا،" کیونکہ جیسے بجلی پُورب سے کوند کر پچھّم تک دِکھائی دیتی ہے ویسے ہی اِبنِ آدم کا آنا ہو گا۔" سے مغرب تک چمکتی ہے، اسی طرح ابن آدم کی آمد ہوگی۔"( متی(27:24 )۔ خفیہ؟ تصّور تک بھی نہیں کیا جا سکتا ۔ دراصل، بائبل مُقدّس نے ہمیشہ کے لیے یہ بات طے کر دی ہے کہ،" دیکھو، وہ بادلوں کے ساتھ آنے والا ہے اور ہرایک آنکھ اُسے دیکھے گی) "مکاشفہ(7:1)۔ یقین رکھیں، اگر آپ یسُوع کی دوسری آمد پر زندہ ہوں گے ، تو آپ اُسے دیکھیں گے!

3. آمدِ ثانی پر شریر زندہ نہیں چھوڑے جاتے ، خُداوند کی آمد پرتمام زِندہ شریر  ہلاک ہو جاتے ہیں (یسعیاہ4:11 ؛ ملاکی1:4؛  2 ۔ تھسلنیکیوں 2:8)۔

4. خُدا راستبازوں کو ایذرسانی  سے پہلے نہیں اٹُھاتا بلکہ اُنہیں اُس کے دوران محفوظ رکھتا ہے۔( زبور91-12:5 )۔

5. مسیح کی دوسری آمد دو مراحل میں نہیں ہوگی    ––ایک خفیہ اور دُوسری خفیہ  یعنی پوشیدہ ۔وہاں صرف ایک ہی  آمد ہوگی، اور یہ ہر زندہ شخص کے ذریعہ دیکھی جائے گی۔ دو مراحل  کی آمد ثانی  کا کتاب مُقدّس میں کی کوئی حوالہ نہیں  ملتا۔

6. خفیہ  آمد  (Secret Rapture) کی تعلیم یہ دعویٰ کرتی ہے کہ مسیح کی دونوں  آمدوں کے درمیان سات سال کا عرصہ ہے۔ بائبل مُقدّس سکھاتی ہے کہ اُس کی آمد چور کے آنے کی طرح ہوگی  اور دُنیا کی تباہی ایک ہی وقت میں ہوتی ہے۔

7. مخالفِ مسیح  یسُوع کی دوسری آمد کے ساڑھے تین  سال کے بعد ظاہر نہیں ہوتا۔ وہ صدیوں سے سرگرم عمل ہے -(1۔ یوحنا 3:4 )۔ اور  ابھی بھی زمین پر اپنا مکروہ کام کر رہا ہے۔
(اگلے  سبق میں اِس پر مزید دیکھیں گے!)

8. بدکاروں کو آمدِثانی کے بعد نجات کا دُوسرا موقع نہیں ملے گا۔ تمام گناہ گار یسُوع کی واپسی پر ہلاک ہو جائیں گے؛ اُن کے لیے کوئی دُوسرا موقع نہیں ہے۔